QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 219

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ 09 مارچ 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 10 مارچ کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، جناح ٹاؤن اور بروری فیڈروں سے صبح 9:30 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک بجلی بند رہیگی اسکے علاوہ 10 مارچ اور 11 مارچ کو (روزانہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جی او آر کالونی، مارک فیکٹری اور دیبہ فیڈروں سے صبح 9:30 بجے سے دوپہر ایک بجے تک بجلی بند ہوگی۔

علاوہ ازیں نئے 132kv نال ۔خضدار اور 132kv ناگ ۔ واشک ٹرانسمیشن لائن کی تنصیب کا کام کیا جارہا ہے ۔جس کیلئے 11 مارچ کو (بروز بدھ) 132kv ناگ گرڈ اسٹیشن سے منسلک فیڈروں کو صبح 7 بجے تا شام 5 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہیگی ۔تاہم کیسکو نے ترقیاتی کاموں کیلئے عارضی بجلی بندش پر متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #